© rasailojaraid.com



جو لوگ اس ملک میں عیسائیت کی یلغار کو روکنے کے لیے جد و جہد کر رہے ہیں جناب اسلم رانا صاحب اُن میں ایک نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ اس مفید کتابچہ میں اُنھوں نے مستند حوالوں کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ بائبل کی صحت اور حفاظت خود مسیحی علماء کے نزدیک بھی محلِ نظر ہے۔

**سورۂ یٰسٓ مترجم عکسی** — شائع کردہ: مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ لاہور
ضخامت: بیس صفحات

ھدیہ: قسم اوّل ۱۴ آنے۔ قسم دوم ۹ آنے۔

یہ مترجم سورہ چھوٹی تقطیع میں خوش خط، دیدہ زیب اور متعدد رنگوں کے ساتھ بلاک پر طبع ہوا ہے۔ مکتبہ تعمیر انسانیت کے پروپرائٹر شیخ محمد قمر الدین صاحب اس طرز طباعت میں خصوصی ذوق اور وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ جس کا ایک تازہ ثبوت یہ مطبوعہ سورہ ہے۔ شائقین اور قدردان حضرات امید ہے اس پیش کش سے کماحقہٗ استفادہ کریں گے۔

**صراطِ مستقیم** — مصنفہ: جناب سردار محمد اکبر خان صاحب کیمبل پور۔ مغربی پاکستان
نظرِ ثانی: مولانا صدر الدین صاحب راولپنڈی

شائع کردہ: تعمیری کتب خانہ۔ اُردو بازار۔ راولپنڈی

قیمت: ایک روپیہ۔ ۵ پیسے۔

جناب سردار محمد اکبر خان صاحب ایک صاحبِ فکر اور صاحبِ احساس بزرگ ہیں۔ اور وہ عالمِ شباب ہی سے ہر اُس تحریک کا ساتھ دیتے رہے ہیں جو اسلام کی سربلندی کے لیے جاری کی گئی۔ اُن کے اسی جذبہ نے انہیں مسلمانوں کی بعض اونچی شخصیتوں کے ساتھ وابستہ رکھا۔ زیرِ تبصرہ کتاب دیکھ کر اُن کی زندگی کا دوسرا پہلو یعنی اُن کی تصنیفی قابلیت سامنے آئی ہے۔ اس کتاب میں اُنہوں نے بڑے سادہ انداز میں سورہ فاتحہ، اسلامی توحید کی تشریح اور اُس کے مضمرات، عبد و معبود کا باہمی تعلق، دنیا و آخرت کی فلاح و کامرانی

© rasailojaraid.com